4 اپریل 2013ء

شریعہ آڈٹ رپورٹ برائے بورڈ آف ڈائریکٹرز

نحمده ونصلي ونسلم على رسوله الكريم وعلىٰ آلہٖ وأصحابه أجمعين، وبعد!

الحمدللہ، ہم نے پاک قطر جنرل تکافل لمیٹڈ (کمپنی) کے مالیاتی اسٹیٹمنٹس برائے سال 2012ء کا شرعی نقطۂ نظر سے جائزہ لیا۔

ہم کمپنی کے شریعہ ایڈوائزری بورڈ کی حیثیت سے اس بات سے بخوبی باخبر ہیں کہ کمپنی اور شرکاءِ تکافل سے متعلق تمام مالی معاملات اور مختلف عقود و معاہدات کو شرعی قواعد وضوابط کے مطابق یقینی بنانا ہماری بنیادی ذمہ داری ہے۔ اسی طرح کمپنی کی منتظمہ کمیٹی کی بھی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ شریعہ بورڈ کی طرف سے جاری کردہ اُصول وضوابط اور گائیڈ لائنز پر اہتمام کے ساتھ عمل کرانے کو یقینی بنائے۔ مزید برآں یہ کہ تمام تکافل پالیسیز اور تکافل خدمات شرعی قواعد وضوابط کے مطابق اور باقاعدہ شریعہ بورڈ سے منظور شدہ ہوں۔ بہر حال اس ضمن میں کمپنی کے شریعہ کمپلائنس ہونے کا جائزہ لینا ہمارے شریعہ آڈٹ کا حصہ ہے۔

یہ بات اہم ہے کہ کمپنی نے تقریباً اپنی ابتداء ہی سے اس بات کا اہتمام کیا ہے کہ شریعہ بورڈ کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر اہتمام سے عمل کیا جائے اور تمام تکافل پالیسیز، تکافل خدمات اور مختلف فنڈز کی سرمایہ کاری شرعی قواعد وضوابط کے مطابق انجام دی جائے اور یہ باقاعدہ طور پر شریعہ بورڈ سے منظور شدہ بھی ہوں۔

اس سلسلے میں کمپنی میں ایک مستقل شریعہ کمپلائنس ڈپارٹمنٹ کا قیام عمل میں لایا گیا جہاں اس وقت مستند مفتیان کرام خدمات انجام دے رہے ہیں، جو شریعہ بورڈ کی مشاورت کیساتھ مجموعی اعتبار سے شریعہ کمپلائنس کو یقینی بنانے میں اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے پوری کر رہے ہیں۔

شریعہ ایڈوائزی بورڈ کی جانب سے اب تک کمپنی کے لئے مندرجہ ذیل شریعہ گائیڈ لائنز جاری کی گئیں ہیں:

۱.....شرعی رہنما اُصول برائے حلال وحرام بزنس

۲.....شرعی رہنما اُصول برائے ری تکافل

۳.....شرعی رہنما اُصول برائے سرمایہ کاری

۴.....شرعی رہنما اُصول برائے چیریٹی فنڈ

۵.....شرعی رہنما اُصول برائے تشہیر و مارکیٹنگ

۶.....شرعی رہنما اُصول برائے تقسیمِ سرپلس

۷.....شرعی رہنما اُصول برائے کو- تکافل اور دیگر موقع بموقع جاری کردہ ہدایات

دورانِ سال موقع بموقع مختلف مسائل کو شریعہ بورڈ کے سامنے پیش کیا گیا اور شرعی رہنمائی لی گئی اور باقاعدہ اس کو نافذ کرلیا گیا۔ جس کی بنیاد پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ شرعی اعتبار سے بحیثیت مجموعی کمپنی کی صورتحال اطمینان بخش ہے۔

یہ بات بھی قابل ستائش ہے کہ تکافل کے فروغ کے لئے کمپنی نے پورے سال مستقل بنیادوں پر اہتمام کیساتھ شریعہ ڈپارٹمنٹ کی معاونت سے مرکزی آفس اور تکافل کی مختلف برانچز میں تکافل کی شریعہ ٹریننگ کا اہتمام کیا، اس ضمن میں دوران سال درجنوں تربیتی کورسز کا انعقاد کیا گیا۔ یہ کورسز کمپنی ملازمین کے ساتھ ساتھ مختلف کاروباری طبقات اور مختلف چیمبرز آف کامرس کے لئے بھی منعقد کیے گئے جو کہ تکافل نظام کو سمجھنے اور پھیلانے میں بہت معاون ثابت ہوئے۔

مختلف فنڈز کی سرمایہ کاری کے سلسلے میں کسی بھی کنوینشنل بینک یا کنوینشنل میوچل فنڈ میں کوئی بھی رقم سرمایہ کاری میں نہیں لگائی گئی۔ وکالۃ الاستثمار کی بنیاد پر شرکاءِ تکافل کے سرمایہ کاری فنڈ اور مضاربہ کی بنیاد پر وقف فنڈ کی سرمایہ کاری مختلف صکوک، مختلف اسلامی بینکوں اور شیئرز میں کی گئی۔

شیئرز میں سرمایہ کاری کے لئے شرعی ہدایات کو مدنظر رکھا گیا اور بیع قبل القبض کی کوئی ایک ٹرانزیکشن بھی نہیں پائی گئی۔ شیئرز سے حاصل ہونے والے ڈیویڈنڈ کی تطہیر کے نتیجے میں محض مبلغ 543 روپے قابل تصدق ہیں۔ کمپنی میں باقاعدہ ایک چیریٹی فنڈ قائم کیا گیا ہے جہاں اس طرح کی رقوم کو منتقل کر دیا جاتا ہے اور شریعہ گائیڈ لائنز کے مطابق اس فنڈ کو شریعہ کی منظوری کیساتھ مستحق افراد پر خرچ کیا جاتا ہے۔

بہرحال ہماری معلومات کے مطابق:

ا......سال 2012ء میں کمپنی کی جانب سے کیے گئے تمام مالی معاملات شریعہ ایڈوائزری بورڈ کی جانب سے دی گئی گائیڈ لائنز اور تکافل رولز 2005ء کے مطابق تھے۔ اس اہتمام کے لئے کمپنی کے فائنانس ڈپارٹمنٹ کی کارکردگی قابل ستائش ہے۔

۲......گذشتہ سال کی بنسبت رواں سال کمپنی کے آپریشن ڈیپارٹمنٹ نے شریعہ بورڈ کی جانب سے وقتاً فوقتاً دی جانے والی ہدایات کے مطابق اپنی ذمہ داریوں کو بحسن وخوبی انجام دیا اور حتی الامکان غیر شرعی معاملات سے احتراز کیا گیا۔ (سوائے اُن چند معاملات کے جو شرعی اعتبار سے درست نہ تھے، جن کے بارے میں کمپنی انتظامیہ کو صرف تنبیہ کردی گئی ہے۔

۳......الحمدللہ، بحیثیت مجموعی کمپنی کے معاملات شریعہ بورڈ کی جانب سے جاری کردہ شریعہ گائیڈ لائنز اور قواعد وضوابط کے مطابق تھے، نیز وقف فنڈ کے لئے اختیار کی گئی اکاؤنٹنگ پالیسیز نہ صرف اطمینان بخش ہیں بلکہ ان اختیار دہ شدہ پالیسیز سے بھی ہم اتفاق کرتے ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب وعلمہ أتم وأحکم

در نیابت چیئرمین شریعہ ایڈوائزری بورڈ

مفتی محمد زبیر اشرف عثمانی
ممبر شریعہ ایڈوائزری بورڈ

ڈاکٹر مفتی عصمت اللہ
ممبر شریعہ ایڈوائزری بورڈ